© rasailojaraid.com

تعارف وتبصرہ

کامران طاہر

# خطباتِ جمعہ کا نیا مجموعہ زاد الخطیب

مرتب: ڈاکٹر حافظ محمد اسحٰق زاہد ◉ ۲ جلدیں (۵۵۲+۵۱۵صفحات)

ناشر: جمعية إحياء التراث الإسلامي، کویت

زیر تبصرہ کتاب فاضل مصنف ڈاکٹر حافظ محمد اسحٰق زاہد حفظہ اللہ کی نئی علمی کاوش ہے جسے اُنہوں نے جمعیۃ احیاء التراث الاسلامی کی لجنۃ القارۃ الھندیۃ کے ایما پر کمیٹی کی طرف سے برصغیر میں مبعوث اُن دعاۃ اور مبلغین کے لیے ترتیب دیا ہے جو اُردو بول چال کے علاقوں میں دعوت وتبلیغ کی ذمہ داریاں ادا کررہے ہیں۔

اسلام میں منبر ومحراب کی ہمیشہ سے اہم اور مرکزی حیثیت رہی ہے اور تاریخ اس امر کی گواہی دیتی ہے کہ جب بھی اسلامی اقدار اور روایات کو مسخ کیا جانے لگا اور خرافات وبدعات کے جھکڑ چلے تو ان حالات میں منبر ومحراب سے اُٹھنے والی متبرک آواز نے ہی ان انحرافات کو روکا اور اسلامی تشخص برقرار رکھنے میں اپنا کلیدی کردار ادا کیا۔

برصغیر میں صدیوں سے مختلف اَقوام ومذاہب کے لوگ اکٹھے رہ رہے ہیں اور اس بنا پر اس خطہ میں پائے جانے والے مذاہب، رسوم ورواج اور تہذیبوں کا ایک دوسرے سے متاثر ہونا لازمی امر تھا۔ چنانچہ برصغیر کے مسلمان بھی ان غیر مسلم تہذیبوں سے متاثر ہوئے بنا نہ رہ سکے اور ان کے اندر بعض بدعات وخرافات در آئیں۔ ایسے ہی جہاں مسلمانوں نے غیر مسلم تہذیبوں اور مذاہب سے اثرات قبول کئے، وہاں برصغیر کا طبقہ خطبا بھی اس سے متاثر ہوئے بنا نہ رہ سکا۔

کسی بھی مسلمان کا سب سے مضبوط تعلق مسجد کے ساتھ ہوتا ہے اور مساجد میں ہونے والے وعظ ونصیحت سے ہر دین دار شخص خاطر خواہ اثر قبول کرتا ہے۔ لیکن افسوس کہ ہمارے آج کے خطبا بعض اوقات کم علمی یا پھر نادانستہ طور پر ضعیف اور موضوع روایات پر مبنی مسائل کو

© rasailojaraid.com

بھی اپنے خطبات میں پیش کر دیتے ہیں جس بنا پر آج مسلمانوں کے اندر بدعات وخرافات کم ہونے کے بجائے پھیلتی جارہی ہیں۔اس پر طرہ یہ کہ ان مبلغین کی رہنمائی کے لیے لکھے جانے والے لٹریچر میں بھی غیر مستند روایات و آثار، قصہ گوئی، داستانیں اور فضائل ومناقب کے متعلق من گھڑت واقعات جا بجا نظر آتے ہیں۔

ماضی میں بھی خطباے عظام کی رہنمائی کے لئے نامور اہل علم نے خطبات کے بعض مجموعے ترتیب دیے لیکن عملاً اس نوعیت کی مجموعے یا تو بہت کم ہیں، یا ان میں پیش کردہ استدلال وواقعات بار بار دہرائے جانے کی وجہ سے اب غیر معمولی تاثیر کے حامل نہیں رہے۔ ان حالات میں اس بات کی اشد ضرورت تھی کہ خطباے کرام کے لیے مصادرِ اصلیہ قرآن وسنت اور آثارِ سلف کے مواد پر مبنی ایسا مجموعہ مرتب کیا جائے جس سے استفادہ کرتے ہوئے خطبا حضرات دین کی اصل تعلیمات سے لوگوں کو متعارف کرواسکیں اور رواج پا جانے والی بدعات وخرافات کا خاتمہ کرسکیں۔ یہ سعادت فاضل مصنف کے حصہ میں آئی کہ اُنہوں نے عالم عرب میں میسر اہم علمی کتب ومراجع سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے ایک وقیع تازہ علمی مجموعہ ترتیب دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُنہیں اس نیک کام پر اجر جزیل عطا فرمائے۔آمین!

حافظ صاحب موصوف نے مدینہ یونیورسٹی سے امتیاز کے ساتھ اپنی دینی تعلیم مکمل کی اور بعد میں حدیث کے موضوع پر کراچی یونیورسٹی سے ڈاکٹریٹ کی ڈگری حاصل کی۔آپ اس سے قبل بھی کئی اہم موضوعات پر دادِ تحقیق دے چکے ہیں، بالخصوص بعض انتہائی اہم کتب کا انتخاب کرکے ان کے اُردو ترجمے کرنا ان کا خصوصی ذوق رہا ہے۔

آپ کا ترتیب شدہ خطبات کا یہ مجموعہ دو جلدوں پر مشتمل ہے۔جس میں پہلی جلد میں سال کے مختلف مہینوں کی مناسبت سے اہم موضوعات پر خطباتِ جمعہ ترتیب دیے گئے ہیں۔ جن میں متعلقہ اسلامی مسائل واحکام یا اس مہینہ میں مروّجہ بدعات پر بھی خاطر خواہ روشنی ڈالی گئی ہے۔پہلی جلد کے خطبات کی فہرستِ حسب ذیل ہے:


محرم: ◉ ماہِ محرم اور یوم عاشوراء ◉ فضائل صحابہ ◉ ہجرت مدینہ

ربیع الاوّل: ◉ رسول ﷺ کے فضائل ومعجزات اور خصوصیات ◉ جشن میلاد کی شرعی حیثیت

◉ اُمت پر رسول ﷺ کے حقوق ◉ رسولِ اکرم ﷺ کا اعلیٰ اخلاق

© rasailojaraid.com

رجب: ◉ ماہ رجب کی بدعات ◉ اسراء ومعراج ◉ تحفہ معراج
شعبان: ◉ ماہ شعبان کے فضائل واحکام ◉ انفاق فی سبیل اللہ
رمضان: ◉ رمضان المبارک نیکیوں کا موسم بہار ◉ فضائل قرآن مجید ◉ توبہ واستغفار
شوال: ◉ خطبہ عید الفطر
ذی القعدہ: ◉ فضائل حرمین شریفین ◉ احکام وآداب حج
ذوالحجہ: ◉ فضائل عشرہ ذی الحجہ ◉ خطبہ عید الاضحیٰ ◉ خطبہ حجۃ الوداع وغیرہ

اسی طرح دوسری جلد میں ۲۵ مختلف موضوعات ،مثلاً: توحید،شرک، بر الوالدین،صلہ رحمی وغیرہ پر قرآن وسنت اور آثارِ سلف سے مواد جمع کر دیا گیا ہے۔کتاب کے ابتدائی صفحات میں شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی، پروفیسر عبدالجبار شاکر، شیخ الحدیث حافظ عبدالستار حماد اور حافظ صلاح الدین یوسف حفظہم اللہ کی تقاریظ مرقوم ہیں جبکہ مصنف کی طرف سے مقدمہ اور مولانا محمد صادق مدنی کے قلم سے پیش لفظ درج ہے۔

چونکہ یہ کتاب خصوصی طور پر خطبا حضرات کے لیے تیار کی گئی ہے، لہٰذا مصنف نے ہر موضوع کو ایک مستقل جمعہ کی شکل میں ترتیب دیا ہے اور جمعہ کے دو خطبوں کی مناسبت سے ہر موضوع کے مواد کو دو حصوں میں تقسیم کردیا ہے ۔ ہر حصے کا مواد موضوع سے متعلقہ آیات، احادیث اور آثار واَقوال سے مزین ہے۔مصنف نے کوشش کی ہے کہ دلائل میں مستند روایات کو پیش کیا جائے، لہٰذا ہر روایت کے ساتھ اس کی صحت کی نشاندہی بھی کر دی گئی ہے۔فنی محاسن کا بھی اچھا اہتمام کیا گیا ہے، ٹائٹل دیدہ زیب، جلد مضبوط، کاغذ معیاری اور کمپوزنگ بہترین ہے جبکہ پروف ریڈنگ کی غلطیاں نہ ہونے کے برابر ہیں۔

خطبات کی زبان سادہ وسلیس ہے، دلائل برمحل اور اندازِ نگارش شگفتہ اور متین ہے۔ موضوع کے مطابق مواد کی پابندی کی گئی ہے۔ پوری کتاب غیر سنجیدہ باتوں، جذباتی اشعار اور بے سروپا واقعات سے مبرا ہے۔ بالخصوص کتاب کے آغاز میں مولانا عبدالخالق محمد صادق مدنی نے ۳۳ صفحات پر مشتمل ایک رہنما مقدمہ قلم بند کیا ہے جس میں اُنہوں نے ایک خطیب کے مدنظر رہنے والے اساسی اُصولوں کی نشاندہی کر کے اس مجموعہ کی افادیت کو دو چند کردیا ہے۔

© rasailojaraid.com

کتاب کی ورق گردانی سے ایک خطیب کو وہ سب کچھ مل سکتا ہے جو اسے کسی بھی خطبہ میں اپنے سامعین کو مؤثر انداز مین تبلیغ و تعلیم کے لئے درکار ہے، اس قیمتی مواد کو کوئی بھی خطیب اپنے انداز میں ڈھال کر اپنی بات کو عوام الناس کے دلوں میں بخوبی بٹھا سکتا ہے۔ اس کامیاب کاوش پر مصنف مبارک باد کے مستحق ہیں۔ تقبل الله سعيه وبارك في جهوده

تاہم کتاب کے آئندہ ایڈیشن میں درج ذیل باتوں کا اہتمام مزید فنی تحسین اور افادیت میں غیر معمولی اضافہ کا موجب ہوسکتا ہے:

① احادیث کی تخریج میں بعض جگہوں پر صرف متفق علیہ یا مسلم، بخاری لکھ دیا گیا ہے، لیکن اس کی ترقیم وغیرہ درج نہیں کی گئی، مناسب ہوگا کہ ہر حدیث کے مکمل حوالہ جات بمعہ ترقیم بھی درج کردیے جائیں۔

② برصغیر کے خطبا و واعظین اکثر احادیث کی ترجمہ شدہ کتب سے استفادہ کرتے ہیں لہٰذا آئندہ ایڈیشن میں کتبِ ستہ کی احادیث کا حوالہ اگر کتاب اور باب کے ساتھ ذکر کر دیا جائے تو خطبا ترقیم کے اختلاف سے بچتے ہوئے مطلوبہ عبارت تک جلد پہنچ سکتے ہیں۔

③ جس طرح احادیث کی صحت پر حکم درج کیے گئے ہیں، اگر آثار واقوال کی صحت کا بھی اہتمام کردیا جائے تو ان اقوال وآثار کو بھی اعتماد کے ساتھ بیان کیا جاسکتا ہے۔

④ کتاب کے آخر میں کتاب میں درج شدہ تمام حوالہ جات کی کتب کو طباعت کے مقام وسال کے ساتھ درج کردیا جائے تاکہ قاری کو حوالے کا مصدر ڈھونڈنے میں آسانی ہو۔

غرض خطبات کا یہ مجموعہ دینی لٹریچر میں ایک قابل قدر اضافہ ہے، اور ہر خطیب کو اسے اپنی ذاتی لائبریری میں رکھنا چاہئے۔ یہ مجموعہ پاکستان میں ان مقامات سے مل سکتا ہے:

① جمعية المناهل الخيرية: نزد جامع مسجد اتحاد المسلمین (اہلحدیث)
میر سٹریٹ گل روڈ گوجرنوالہ فون نمبر: 055-3733934

② مؤسسة الفرقان الخيرية: مکان نمبر ۵۶/ اِی، کینال روڈ یونیورسٹی ٹاؤن، پشاور
فون نمبر: 091-5705687

③ جامعة دار الحديث رحمانية: چونگی نمبر ۱۴، ملتان

④ رانا طاہر محمود، لاہور فون نمبر: 0333-4237720

⑤ جامعة محمدية للبنين والبنات، T ایریا کورنگی نمبر ۲، کراچی
مولانا ارشد علی فون نمبر 021-2005291